# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ پاکستانی زبانیں)

### وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1 - اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ اپنے سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' **Plagiarism** پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: پنجابی تہذیب وثقافت، زبان وادب (6597) سمسٹر: خزاں، 2025ء

سطح: بی ایس

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL موڈ)

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔ صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنی ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اَپ لوڈ کر سکتے ہیں۔ فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہئے۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

## امتحانی مشق نمبر 1

سوال1- پنجابی زبان کا لسانی جغرافیہ بیان کرتے ہوئے اس زبان کے لہجوں پر نوٹ لکھیے۔ (20)

سوال2- عُرس و میلے پنجاب کی ثقافت کیا اہم حصے ہیں اس بارے میں اپنی رائے بیان کیے۔ (20)

سوال3- پنجاب کی لوک داستانیں جہد مسلسل کا درس دیتی ہیں۔ اس رائے کا محاکمہ سوہنی مہینوال کی داستان کے حوالے سے کیجیے۔ (20)

سوال4- پنجابی میں نعت گوئی کی روایت کا محاکمہ کیجیے۔ (20)

سوال5- لوک بات (کہانی) میں اخلاقی سبق لازمی ہے۔ پنجابی کی کوئی ایک لوک کہانی تحریر کرتے ہوئے اخلاقی سبق پر اپنے خیالات قلم بند کیجیے۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

## امتحانی مشق نمبر 2

سوال1- بلھے شاہ وارث شاہ کی حیات وشاعری پر جامع مضمون لکھیے۔ (20)

سوال2- جدید پنجابی شاعری کے خدوخال بیان کرتے ہوئے شریف کنجاہی اور احمد راہی کے احوال و آثار پر نوٹ لکھیے۔ (20)

سوال3- ڈرامہ کے فنی محاسن بیان کرتے ہوئے پنجابی میں ڈرامہ کی روایت تحریر کیجیے۔ (20)

سوال4- ٹیکسلا کے تہذیبی آثار قلم بند کیجیے۔ (20)

سوال5- کھیوڑہ نمک کی کان کا اہم ذریعہ ہے۔ اس بارے میں اپنے مطالعے کا نچوڑ پیش کیجیے۔ (20)